حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: وحی کے نزول کے وقت نبی ﷺ پر کیا کیفیت طاری ہوتی تھی؟

سوال نمبر 2: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا رسول ﷺ کو تسلی دینے کا واقعہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: "کتاب الصلاۃ" سے مراد کیا ہے اور امام بخاریؒ نے اس کتاب کو کہاں رکھا؟

سوال نمبر 4: نبی ﷺ نے نماز کو ایمان کا کون سا درجہ قرار دیا؟

سوال نمبر 5: قبلہ کی تبدیلی کا واقعہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: "تہجد" کے لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

سوال نمبر 7: نبی ﷺ کا بیدار ہونے کا انداز کیسا تھا؟

سوال نمبر 8: عمرہ کے ارکان کیا ہیں؟

سوال نمبر 9: عورت کے لیے عمرہ کے کیا خاص احکام ہیں؟

سوال نمبر 10: نبی ﷺ نے مدینہ کے لیے کیا دعا فرمائی؟

سوال نمبر 11: نبی ﷺ کا "صلح حدیبیہ" میں کیا طرزِ عمل تھا؟

سوال نمبر 12: نبی اور رسول میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 13: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو "خلیل اللہ" کیوں کہا گیا؟

سوال نمبر 14: نبی ﷺ کا سب سے بڑا وصف کیا ہے؟

سوال نمبر 15: کتاب الرقاق کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

سوال نمبر 16: متواتر کی کتنی اور کون کون سی شرائط ہیں؟

سوال نمبر 17: خبر واحد کی لغوی اور اصطلاحی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 18: حدیث عزیز کی لغوی و اصطلاحی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 19: غریب کی کتنی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 20: حدیث صحیح کی لغوی و اصطلاحی تعریف کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: وحی کی ابتدا کے مرحلوں (مثلاً: رؤیا صادقہ، غارِ حرا میں خلوت، اولین وحی کا نزول، فتورِ وحی) کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: نماز کے فروض، اوقات، اذان و اقامت، جماعت کے آداب، اور صفوں کی ترتیب پر مفصل بحث کیجئے۔

سوال نمبر 3: عمرہ کے شرعی ارکان، میقات، احرام کے آداب، طواف اور سعی کے تفصیلی معانی اور عملی ترتیب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: کتاب الرقاق میں دی گئی نصائحِ قلبیہ (زہد، قناعت، موت کی یاد، ذکرِ الٰہی) میں سے ہر ایک کا فلسفہ اور عملی نفاذ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: خبر واحد کی طرق کی تعداد کے اعتبار سے کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "بدء الوحی" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) وحی کا اختتام (ب) وحی کی ابتدا (ج) خواب (د) نماز

سوال نمبر 2: سب سے پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

(الف) بیت المقدس (ب) غارِ ثور (ج) غارِ حرا (د) طائف

سوال نمبر 3: پہلی وحی کس مہینے میں نازل ہوئی؟

(الف) رجب (ب) رمضان (ج) شوال (د) محرم

سوال نمبر 4: پہلی وحی کی آیات کون سی تھیں؟

(الف) الم (ب) اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

(ج) يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (د) قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ

سوال نمبر 5: وحی کے وقت نبی ﷺ پر کیا کیفیت طاری ہوتی تھی؟

(الف) خوشی (ب) پسینہ آنا (ج) غنودگی (د) غصہ

سوال نمبر 6: حضرت خدیجہ نے نبی ﷺ کو کیا تسلی دی؟

(الف) آپ تھک گئے ہیں (ب) اللہ آپ کو ضائع نہیں کرے گا (ج) آرام کر لیں (د) کچھ نہیں کہا

سوال نمبر 7: "کتاب الصلاۃ" میں کس عبادت کے احکام ہیں؟

(الف) روزہ (ب) حج (ج) نماز (د) زکوٰۃ

سوال نمبر 8: نماز دین کا کیا درجہ رکھتی ہے؟

(الف) بنیاد (ب) ستون (ج) زینت (د) شرط

سوال نمبر 9: اذان کے کلمات کس صحابی کو خواب میں سکھائے گئے؟

(الف) عمر (ب) بلال (ج) عبداللہ بن زید (د) علی

سوال نمبر 10: قبلہ کی تبدیلی کس شہر میں ہوئی؟

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) بیت المقدس (د) تبوک

سوال نمبر 11: جماعت کی نماز کا ثواب اکیلے نماز سے کتنے گنا ہے؟

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 25 (د) 27

سوال نمبر 12: "قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ" کی آیت میں نماز کا کون سا پہلو بیان ہوا؟

(الف) خشوع (ب) طول (ج) تکرار (د) جماعت

سوال نمبر13:"تہجد"کالغوی معنی کیاہے؟

(الف)عبادت (ب)نیند کے بعد بیداری (ج)سونا (د)روزہ

سوال نمبر14:تہجد کی نماز کس وقت ادا کی جاتی ہے؟

(الف)صبح (ب)دوپہر (ج)رات کے آخر میں (د)مغرب کے بعد

سوال نمبر15:نبی ﷺ کے لیے تہجد کا کیا حکم تھا؟

(الف)نفل (ب)فرض (ج)سنت (د)مکروہ

سوال نمبر16:نبی ﷺ کتنی رکعت تہجد پڑھتے تھے؟

(الف)8 (ب)10 (ج)11 (د)13

سوال نمبر17:تہجد کے وقت اللہ تعالیٰ کیا فرماتا ہے؟

(الف)سوجاؤ (ب)ہے کوئی مانگنے والا؟ (ج)نماز چھوڑ دو (د)خاموش رہو

سوال نمبر18:"عمرہ"کالغوی مطلب کیاہے؟

(الف)زیارت (ب)عبادت (ج)حج (د)قربانی

سوال نمبر19:نبی ﷺ نے کتنے عمرے ادا کیے؟

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر20:سعی کن دو مقامات کے درمیان ہوتی ہے؟

(الف)صفاومروہ (ب)عرفات ومزدلفہ (ج)منیٰ وعرفات (د)صفاومنیٰ

سوال نمبر21:"العمرة إلى العمرة كفارة لما بينهما"کامفہوم کیاہے؟

(الف)حج کے برابر ثواب (ب)گناہوں کی معافی (ج)روزہ کا کفارہ (د)صدقہ کااجر

سوال نمبر22:"المدينة خير لهم لو كانوا يعلمون"کس نے فرمایا؟

(الف)حضرت عمر (ب)نبی ﷺ (ج)حضرت علی (د)حضرت ابو بکر

سوال نمبر23:مدینہ کادوسرانام کیاہے؟

(الف)یثرب (ب)طیبہ (ج)مکہ (د)بقیع

سوال نمبر24:نبی ﷺ کی سب سے مشہور صلح کون سی تھی؟

(الف)صلح بدر (ب)صلح احد (ج)صلح حدیبیہ (د)صلح خیبر

سوال نمبر25:"صلح"کامطلب کیاہے؟

(الف)جنگ (ب)مفاہمت (ج)عدالت (د)سزا

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 | پرچہ: پہلا | مضمون: التفسیر وعلومہ

تاریخ: 21-01-2026 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مہمان کون تھے اور وہ کیوں آئے تھے؟

سوال نمبر 2: سورۃ الذّاریات کے آخر میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی پیدائش کا مقصد کیا بتایا؟

سوال نمبر 3: سورۃ القمر میں قومِ نوح، عاد، ثمود وغیرہ کے واقعات کیوں بیان کیے گئے؟

سوال نمبر 4: اگر قومیں واضح نشانیوں کے باوجود کفر کیجئے تو قرآن میں ان کا انجام کیا بتایا گیا ہے؟

سوال نمبر 5: سورۃ الرحمن میں کون کون سی نمایاں نعمتیں بیان ہوئی ہیں؟

سوال نمبر 6: السابقون" کی خصوصیات کیا ہیں؟

سوال نمبر 7: سورۃ الرحمٰن کی ابتدا کن الفاظ سے ہوتی ہے اور ان میں کیا پیغام ہے؟

سوال نمبر 8: سورۃ الواقعہ میں "واقعہ" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 9: سورۃ الحدید میں دنیا اور آخرت کے بارے میں کیا بیان ہوا ہے؟

سوال نمبر 10: ایمان والوں اور منافقوں کے درمیان قیامت کے دن کیا فرق ہو گا؟

سوال نمبر 11: سورۃ المجادلہ کا پس منظر کیا ہے اور یہ سورت کیوں نازل ہوئی؟

سوال نمبر 12: سورۃ الحشر کا آغاز کن مضامین سے ہوتا ہے؟

سوال نمبر 13: سورۃ الحشر میں "مہاجرین" کی تعریف کیسے کی گئی ہے؟

سوال نمبر 14: سورۃ الممتحنہ کے نزول کا پس منظر کیا ہے؟

سوال نمبر 15: سورۃ الصف میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کون سی خوشخبری دی؟

سوال نمبر 16: سورۃ الملک کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

سوال نمبر 17: اللہ تعالیٰ نے موت اور زندگی کو کس مقصد کے لیے پیدا فرمایا؟

سوال نمبر 18: سورۃ القلم کی ابتدا میں اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 19: اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو جھٹلانے والوں کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 20: سورۃ الحاقّہ میں کن قوموں کے انجام کا ذکر کیا گیا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سورۃ القمر میں سابقہ قوموں کی کہانیاں کیوں بیان کی گئی ہیں اور ہمیں ان سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

سوال نمبر 2: سورۃ الواقعہ میں قیامت کے دن انسانوں کو تین طبقات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان طبقات کی وضاحت کیجئے اور ہر کے اعمال اور انجام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: سورۃ الحدید میں دنیا اور آخرت کی حقیقت بیان کی گئی ہے۔ ہمیں اس میں سے کون کون سے اسباق ملتے ہیں؟

سوال نمبر 4: مالِ فے (جنگ کے بغیر حاصل ہونے والا مال) کی تقسیم اور اس کے اصول کیا ہیں؟ اس کے روحانی اور معاشرتی فوائد پر بھی روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر 5: سورۃ الملک میں اللہ تعالیٰ نے موت اور زندگی پیدا کرنے کی کیا حکمت بیان فرمائی ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 پرچہ: پہلا مضمون: التفسیر وعلومہ

تاریخ: 21-01-2026 دن: بدھ کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس کس مقصد سے آئے؟

(الف) آزمائش کے لیے (ب) کھانے کے لیے (ج) خوشخبری دینے کے لیے (د) تعلیم دینے کے لیے

سوال نمبر 2: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کس چیز کی بشارت دی گئی؟

(الف) بارش کی (ب) مال کی (ج) بیٹے کی (د) نبوت کی

سوال نمبر 3: اللہ تعالیٰ نے جنّات اور انسانوں کو کیوں پیدا کیا؟

(الف) تفریح کے لیے (ب) امتحان کے لیے (ج) عبادت کے لیے (د) طاقت کے اظہار کے لیے

سوال نمبر 4: سورۃ الطور میں کن چیزوں کی قسم کھائی گئی ہے؟

(الف) فرشتوں کی (ب) چاند سورج کی (ج) طور، کتاب اور بیت المعمور کی (د) پانی کی

سوال نمبر 5: معراج میں نبی ﷺ کہاں تک پہنچے؟

(الف) بیت المقدس (ب) سدرۃ المنتہیٰ (ج) عرش (د) جنت الفردوس

سوال نمبر 6: "فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ" کس قوم کے بارے میں فرمایا؟

(الف) عاد (ب) ثمود (ج) لوط (د) فرعون

سوال نمبر 7: قومِ ثمود کو کس چیز نے ہلاک کیا؟

(الف) زلزلہ (ب) چیخ (ج) طوفان (د) آگ

سوال نمبر 8: جنتیوں کے لیے کون سی نعمتیں بیان ہوئیں؟

(الف) صرف کھانے پینے کی (ب) لباس (ج) جواہرات (د) حوریں، اولاد کی ہم نشینی، امن وامان

سوال نمبر 9: اللہ تعالیٰ نے قرآن کے بارے میں کیا فرمایا؟

(الف) یہ مشکل ہے (ب) یاد کرنے کے لیے آسان بنایا (ج) صرف علما کے لیے (د) سب کے لیے ایک جیسا

سوال نمبر 10: قومِ لوط پر کس عذاب کا ذکر ہے؟

(الف) زلزلہ (ب) سیلاب (ج) پتھروں کی بارش (د) آگ

سوال نمبر 11: "الرحمن" کا معنی کیا ہے؟

(الف) عادل (ب) بہت مہربان (ج) غالب (د) قوی

سوال نمبر 12: سورۃ الرحمن میں سب سے پہلے کس چیز کا ذکر آیا؟

(الف) آسمان بنایا (ب) قرآن سکھایا (ج) زمین پھیلائی (د) انسان بنایا

سوال نمبر13: سورۃ النجم میں وحی کے بارے میں کیا بیان ہوا؟

(الف) نبی ﷺ نے خود گھڑلی (ب) خواب ہے (ج) وہی سکھاتا ہے جس نے سکھایا (د) فرشتے نہیں لاتے

سوال نمبر14: سورۃ الصف میں قول و فعل کے تضاد پر کیا فرمایا؟

(الف) معمولی بات ہے (ب) ثواب ملتا ہے (ج) اللہ کے نزدیک سخت ناپسند ہے (د) منافقت نہیں کہلاتی

سوال نمبر15: سورۃ الرحمن میں یہ آیت کتنی مرتبہ آئی ہے؟

(الف) 20بار (ب) 25بار (ج) 31بار (د) 40بار

سوال نمبر16: "يُسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ" سے کیا مراد ہے؟

(الف) صرف انسان (ب) تمام مخلوقات (ج) صرف جنات (د) صرف نبی

سوال نمبر17: "وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ" سے کیا مراد ہے؟

(الف) دنیا کی دو جنتیں (ب) آخرت کی دو جنتیں (ج) نیک اعمال والے (د) فرشتے

سوال نمبر18: سورۃ الواقعہ میں انسانوں کو کتنی جماعتوں میں تقسیم کیا گیا؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر19: "السَّابِقُونَ السَّابِقُونَ" سے مراد کون لوگ ہیں؟

(الف) نیک لوگ (ب) گناہگار (ج) انبیا (د) فرشتے

سوال نمبر20: "أَصْحَابُ الْيَمِينِ" سے مراد کیا ہے؟

(الف) جنت کے بائیں جانب والے (ب) جنت کے دائیں جانب والے (ج) نیک اعمال والے (د) یہ تمام

سوال نمبر21: "لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) وہاں کھیل ہو گا (ب) وہاں لغو بات نہ ہو گی (ج) عذاب ہو گا (د) نیکی ہو گی

سوال نمبر22: سورۃ الواقعہ میں قرآن کو کس لقب سے یاد کیا گیا؟

(الف) نورانی کتاب (ب) قیمتی کتاب (ج) روشن کتاب (د) مبارک کتاب

سوال نمبر23: سورۃ الحدید میں ایمان والوں کو کس چیز کی دعوت دی گئی؟

(الف) جہاد کی (ب) خرچ کرنے کی (ج) عبادت کی (د) نماز کی

سوال نمبر24: سورۃ الحدید میں زندگی کی زینت کن چیزوں کو بتایا گیا؟

(الف) ایمان و نیکی (ب) مال، اولاد، کھیل تماشا (ج) نماز (د) علم

سوال نمبر25: سورۃ الحشر کے آخر میں کیا تعلیم دی گئی؟

(الف) علم حاصل کرو (ب) عمل کرو (ج) تقویٰ اختیار کرو (د) صبر اختیار کرو

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: الموافقات کے پہلے مقدمے کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

سوال نمبر 2: لفظ اصول سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3: علت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: علت اور معارض کے درمیان ترجیح کا معیار کیا ہے؟

سوال نمبر 5: مرسل روایت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: اصول فقہ میں "مستعمل مآخذ قطعی" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: سمعی مقدمات سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: کسی امر کے صحیح یا غیر صحیح ہونے کا معیار کیا ہے؟

سوال نمبر 9: دلائل کی قطعیّت کے لیے کن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے؟

سوال نمبر 10: بعض علماء کے نزدیک ظنی دلیل قطعی کب بن جاتی ہے۔ کیا ایسی صورتیں عام ہیں یا نادر؟

سوال نمبر 11: تواترِ معنوی کی مثال کیا ہے؟

سوال نمبر 12: اصولِ فقہ میں عقل کی جگہ کیا ہے؟

سوال نمبر 13: اصول فقہ فقہ کی طرف کیوں منسوب ہے؟

سوال نمبر 14: اصول فقہ اور معاون علوم میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 15: معتزلہ اور جمہور کا واجبِ مخیر اور محرمِ مخیر کے بارے میں اختلاف کس نوعیت کا ہے؟

سوال نمبر 16: قرآن نے چاند کی منازل کے سوال کا کیا جواب دیا؟

سوال نمبر 17: نبی ﷺ نے حج کے بارے میں سوال پر کیا فرمایا؟

سوال نمبر 18: روح کے بارے میں سوال پر قرآن نے کیا جواب دیا؟

سوال نمبر 19: ایسی باتوں اور سوالات میں مشغول ہونے کا نقصان کیا ہے جن کا دنیاوی و اخروی فائدہ نہیں؟

سوال نمبر 20: شریعت کو "امی" شریعت کیوں کہا گیا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: کلیاتِ ادلّہ سے کیا مراد ہے؟ تفصیلاً نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 2: اصول فقہ میں صرف شدہ احکام کی بنیادی اقسام کتنی ہیں؟ تفصیلی نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 3: شریعت کے مقاصد (مقاصدِ شریعت) کون سے ہیں؟ نیز آحادِ احادیث اور متواتر احادیث کی حیثیت کیا ہے؟

سوال نمبر 4: موسیٰ علیہ السلام اور جادوگروں کے واقعے سے کیا اصول معلوم ہوتا ہے؟ نیز اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو جادوگروں کے سامنے کیا تسلی دی نیز اس واقعے سے کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

سوال نمبر 5: "ملک" کی فلسفیانہ تعریف کی مثال کیا دی گئی؟ نیز "کوکب" کی فلسفیانہ تعریف کیا بیان کی گئی؟

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

KANZ-UL-MADARIS BOARD

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 | پرچہ: تیسرا | مضمون: مقاصد الشریعۃ

تاریخ: 24-01-2026 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقنش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اصولِ فقہ میں کون سی چیز بذاتِ خود اصول بننے کی اہل ہے؟

(الف) ظنی کلیات (ب) قطعی اصول (ج) احتمالی جزئیات (د) اخبارِ آحاد

سوال نمبر 2: اگر اصولی قوانین بذاتِ خود ظنی ہوں تو کیا لازم آتا ہے؟

(الف) وہ ادلہ پر حکم نہیں دے سکتے (ب) وہ ادلہ سے قوی تر بن جاتے ہیں

(ج) وہ اخبارِ آحاد کی طرح معتبر رہتے ہیں (د) ان کی حیثیت منصوص قطعیات جیسی ہو جاتی ہے

سوال نمبر 3: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾ سے کس کی حفاظت مراد ہے؟

(الف) شریعت کے جزئی مسائل (ب) منصوص کلی اصولِ دین (ج) اخبارِ آحاد (د) فقہی تفصیلات

سوال نمبر 4: اگر اصول میں کوئی غیر قطعی چیز موجود ہو تو اس کی اصل حیثیت کیا ہو گی؟

(الف) بذاتِ خود اصل (ب) منصوص قطعی کے برابر (ج) کسی قطعی پر مبنی اور ضمنی ذکر (د) غیر معتبر

سوال نمبر 5: ابو معالی کے نزدیک اصول کیا ہیں؟

(الف) قطعی ادلہ (ب) کلی قوانین (ج) مرسل روایات (د) اجماع اور قیاس

سوال نمبر 6: قاضی ابنِ طیب کے موقف پر مرکزی اعتراض کیا ہے؟

(الف) کلیات کو اصول میں شامل کیا (ب) جزئیات کو اصول سے خارج کیا

(ج) قوانین کو ادلہ پر حاکم بنا دیا (د) خبرِ واحد کو قطعی مانا

سوال نمبر 7: دین کے "محفوظ ذکر" سے مراد کیا ہے؟

(الف) صرف عقائد کی حفاظت (ب) منصوص کلی اصول کی حفاظت (ج) صرف احادیث کی حفاظت (د) اجماع کی حفاظت

سوال نمبر 8: جزئی نصوص کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(الف) ان میں اختلاف نہیں ہوتا (ب) ان میں احتمالات اور خطا ممکن ہے

(ج) وہ ہمیشہ قطعی الدلالہ ہوتی ہیں (د) وہ اجماع کی طرح قطعی ہیں

سوال نمبر 9: کلی قوانین اور منصوص کلی اصول میں کیا فرق ہے؟

(الف) دونوں برابر ہیں (ب) کلی قوانین ہمیشہ اجتہادی ہوتے ہیں

(ج) منصوص اصول قطعی اور کلی قوانین ظنی ہو سکتے ہیں (د) کلی قوانین منصوصات کے خلاف ہوتے ہیں

سوال نمبر 10: اگر ظنی کلیات کو اصول مان لیا جائے تو بڑا اشکال کیا پیدا ہوتا ہے؟

(الف) اجماع ٹوٹ جاتا ہے (ب) ظنیات کو غیر ظنیات پر حاکم بنا دیا جاتا ہے

(ج) نصوص کے معانی قطعی ہو جاتے ہیں (د) قیاس منسوخ ہو جاتا ہے

سوال نمبر11:اصول فقہ کے "مقدمات" سے کیا مراد ہے؟

(الف)فقہی مسائل (ب)بنیادی قواعد واصول (ج)اجتہادی اختلافات (د)عرف وعادات

سوال نمبر12:عقلی مقدمات کی بنیادی تقسیم کیا ہے؟

(الف)دو اقسام (ب)تین اقسام (ج)چار اقسام (د)پانچ اقسام

سوال نمبر13:"سورج کا مشرق سے طلوع ہونا" کس کی مثال ہے؟

(الف)عادۃً واجب (ب)عادۃً جائز (ج)عادۃً محال (د)سمعی مقدمہ

سوال نمبر14:"آگ میں کپڑا ڈال کر سلامت رہنا" کس کی مثال ہے؟

(الف)عادۃً واجب (ب)عادۃً جائز (ج)عادۃً محال (د)عقلی محال

سوال نمبر15:سمعی مقدمات کس پر مبنی ہوتے ہیں؟

(الف)عقل پر (ب)عادت پر (ج)نقل وروایت پر (د)اجتہاد پر

سوال نمبر16:اصول میں صرف شدہ(اصل)احکام کی تین اصلیں کیا ہیں؟

(الف)فرض،مندوب،مباح (ب)وجود،جواز،استحالہ (ج)واجب،مکروہ،حرام (د)صحیح،فاسد،باطل

سوال نمبر17:اصولِ فقہ میں اولین اعتماد کس پر ہے؟

(الف)عقل (ب)فلسفہ (ج)شریعت کی ادلہ (د)عرف

سوال نمبر18:متواتر حدیث کی قطعیّت کن امور پر موقوف ہو سکتی ہے؟

(الف)صرف لغت پر (ب)صرف روایت پر (ج)کئی ظنی مقدمات پر (د)کسی پر بھی نہیں

سوال نمبر19:کون سی شرطیں دلائل کی قطعیت کے لیے معتبر ہیں؟

(الف)عدمِ ناسخ (ب)عدمِ مجاز (ج)عدمِ اشتراک (د)سب درست ہیں

سوال نمبر20:انفرادی دلائل کے اجتماع سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

(الف)مزید ظن (ب)یقین/قطعیت (ج)تعارض (د)توقف

سوال نمبر21:تواتر قطعیت تک کیوں لے جاتا ہے؟

(الف)کیونکہ وہ عقلی ہے (ب)کیونکہ وہ تجرباتی ہے (ج)کیونکہ وہ اجتماع پر قائم ہے (د)کیونکہ وہ اجماع ہے

سوال نمبر22:"حاتم طائی کی سخاوت" کا علم کس نوعیت سے ثابت ہے؟

(الف)خبرِ واحد (ب)استقرائی دلائل (ج)اجتہاد شخصی (د)عرفی قیاس

سوال نمبر23:نماز کے فرض ہونے کی اصل دلیل کیا مانی گئی؟

(الف)لغت (ب)خبرِ واحد (ج)اجماعِ امت (د)عرف

سوال نمبر24:ضروریاتِ دین کے احکام میں شک کرنا کس درجے کا انکار ہے؟

(الف)اجتہادی اختلاف (ب)علمی اشکال (ج)اصلِ دین میں شک (د)فقہی اختلاف

سوال نمبر25:شریعت کے پانچ بنیادی مقاصد(ضروریاتِ خمسہ)کون سے ہیں؟

(الف)دین،عقل،حیا،مال،نسب(ب)دین،نفس،نسل،مال،عقل(ج)دین،عبادت،زکاۃ،روزہ،حج(د)دین،عزت،رائے،مال،آزادی

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 | پرچہ: پانچواں | مضمون: تاریخ الإسلام

تاریخ: 27-01-2026 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: برصغیر کے تاریخی تناظر میں "رفاہی ریاست" کا تصور مختصراً واضح کیجئے کہ یہ ریاست–سوسائٹی–اوقاف کے باہمی ربط سے کیسے بنتا تھا۔

سوال نمبر 2: "عام المنفعہ" منصوبوں اور شاہی واشرافی سرپرستی کے مابین فرق دو نکات میں لکھیں (عوامی رسائی، تسلسل، احتساب وغیرہ)۔

سوال نمبر 3: کسی شہر میں تعلیم و رفاہ کو ترجیح دی جانے کی دو علامتیں لکھیں (مثلاً طلبہ رہائش، وظائف اعلانات، عوامی کتب خانے)۔

سوال نمبر 4: برصغیر کے شہری نظم میں "محتسب" کے دو ایسے فرائض لکھیں جو صرف قیمتوں سے آگے بڑھ کر سماجی بہبود کو متاثر کرتے ہیں۔

سوال نمبر 5: سڑکوں اور پلوں کی تعمیر نے علمی نقل و حرکت اور تجارتی بہبود کو کیسے تقویت دی؟ دو نکات دیں۔

سوال نمبر 6: وقف شدہ مدرسہ کے ایک مختصر بجٹ خاکے کی مثال دیں: آمدنی کے دو ذرائع اور خرچ کے دو بڑے ابواب۔

سوال نمبر 7: فہرست نویسی و کتابیہ (cataloguing) کی دو علمی افادیت بیان کیجئے جن سے تحقیق کا تسلسل ممکن ہوتا ہے۔

سوال نمبر 8: دستکار انجمنیں (guilds) یا شاگردی نظام (apprenticeship) رفاہ اور ہنر کی تعلیم میں کیسے مدد دیتے تھے؟ دو نکات دیں۔

سوال نمبر 9: اندلس کی شہری انجینئرنگ سے متعلق دو مثالیں لکھیں جو صحتِ عامہ اور روزمرہ زندگی کو بہتر بناتی تھیں (مثلاً حمامِ عامہ، نکاسیٔ آب)۔

سوال نمبر 10: بیرونِ شہر سے آنے والے طلبہ کے لیے "دار الضیافت" یا ہاسٹل طرز سہولت کے دو سماجی فوائد لکھیں۔

سوال نمبر 11: "اصلاحِ نصاب" اور "جمعِ نصاب" (integration) میں فرق دو جملوں میں واضح کیجئے۔

سوال نمبر 12: ادارہ جاتی خود مختاری (institutional autonomy) کم ہونے سے تعلیمی معیار پر کیا اثر پڑتا ہے؟ دو نکات میں لکھیے۔

سوال نمبر 13: عوامی مجالسِ مطالعہ و مباحثہ (reading circles) علم کی ترسیل میں کیا کردار ادا کرتی تھیں؟ دو نکات دیں۔

سوال نمبر 14: اندلس میں کاغذ سازی اور نقّالیٔ کتب (copying) کی معیشت سے سماجی و تعلیمی سطح پر دو فوائد لکھیں۔

سوال نمبر 15: طلیطلہ و ٹولیڈو کے بین المذاہب علمی تبادلے سے دو مثبت نتائج لکھیں (اصطلاحات کی ہم آہنگی، معیاری شروح وغیرہ)۔

سوال نمبر 16: قحط یا وبا جیسی آفات کے وقت رفاہی اداروں کے دو فوری اقدامات لکھیں جو معاشرے کو سہارا دیتے تھے۔

سوال نمبر 17: جدید اوقاف کے آڈٹ سے ہٹ کر دو "تعلیمی کارکردگی" اشاریے (learning outcomes، beneficiary reach) تجویز کیجئے۔

سوال نمبر 18: عارضی خیرات اور ادارہ جاتی رفاہ میں بنیادی فرق دو جملوں میں واضح کیجئے۔

سوال نمبر 19: شہری ڈھانچے کی دو خصوصیات (سٹریٹ لائٹنگ، مقامی امن و امان) لکھیں جو سیکھنے کے ماحول کو بہتر بناتی ہیں۔

سوال نمبر 20: تاریخی کتب خانوں کے تحفظ کے لیے دو لائنوں کی پالیسی نوٹ لکھیں (مثلاً ڈیجیٹائزیشن، موسمی کنٹرول)۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: برصغیر اور اندلس کے تعلیمی و رفاہی اداروں کو ایک "مربوط اکوسسٹم" سمجھا کر بتائیں کہ ربط ٹوٹنے پر زوال کیسے شروع ہوتا، اور اس کے سدِّباب کا ایک مختصر فریم ورک تجویز کیجئے۔

سوال نمبر 2: "علمی پائپ لائن" (کتب نویسی، فہرست نویسی، تدریس، عوامی دروس، بین الاقوامی تبادلہ) کی کمزوریوں کی نشاندہی کیجئے اور اسے آج کے لیے قابلِ عمل ماڈل میں ڈھالیں۔

سوال نمبر 3: سماجی شمولیت و رسائی (علاقائی وظائف، ہاسٹل، شاگردی نظام، محروم طبقات) کے تاریخی طریقوں کا تقابلی جائزہ لے کر مساوات پر مبنی جدید خاکہ پیش کیجئے۔

سوال نمبر 4: داخلی انشقاق اور بیرونی دباؤ کے باہمی اثر کو "ریزیلینس میٹرکس" کی صورت میں سمجھائیں اور ابتدائی انتباہی اشاریے (early warnings) بتائیں جو علمی و رفاہی مراکز کو محفوظ رکھ سکیں۔

سوال نمبر 5: "تعلیم دوست شہر" کے لیے شہری منصوبہ بندی کا مختصر نقشہ دیں (علمی مراکز، "شفاخانہ"، پانی و نکاس، محفوظ راستے، بازار معیارات) اور دو پالیسی تجاویز لکھیں جن سے ماڈل نافذ ہو سکے۔

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: برصغیر میں اوقاف کا سب سے پائیدار تعلیمی اثر کون سا تھا؟

(الف) وقتی وظائف (ب) صرف تعمیرِ عمارت (ج) شاہی بزم کی سرپرستی (د) مستقل فنڈنگ برائے مدارس اور کتب خانے

سوال نمبر 2: سبیل، آب رسانی جیسی رفاہی روایت کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(الف) محصول وصولی (ب) عوام کو مفت پانی اور سہولت (ج) دربار کی زیبائش (د) نجی منافع

سوال نمبر 3: برصغیر کے تعلیمی نیٹ ورک میں کتب خانوں کی مرکزی افادیت کیا رہی؟

(الف) عسکری بھرتی (ب) مخطوطات اور کتب کی ترسیل و تحفظ

(ج) کرنسی کی ضرب (د) سامانِ تجارت کی ذخیرہ کاری

سوال نمبر 4: سرائے کا کون سا اثر تعلیمی و علمی سرگرمیوں کو بالواسطہ سہارا دیتا تھا؟

(الف) جنگی مشق (ب) شاہی شکار (ج) زرعی محصول بڑھانا (د) مسافروں اور علما کی آمد و رفت میں سہولت

سوال نمبر 5: برصغیر میں بازار نظم سے کس پہلو کو سب سے زیادہ فائدہ ہوا؟

(الف) عیاشی ثقافت (ب) فوجی قبضہ (ج) محض درباری ٹیکس (د) معیاری تول اور قیمت، صارف و تاجر کا اعتماد

سوال نمبر 6: اندلس میں علمی عروج کی علامت بطور ادارہ کون سا جوڑا نمایاں ہے؟

(الف) اصطبل و اسلحہ خانہ (ب) جامعات اور مکتبات (ج) محل و شکار گاہ (د) کرنسی ٹکسال

سوال نمبر 7: اندلس کی ترجمہ تحریک نے تعلیمی دائرے میں کس چیز کو ممکن بنایا؟

(الف) محض ادبی تقریبات (ب) زرعی ٹیکس کی معافی (ج) درباری رسمیں (د) یونانی اور مشرقی علوم کی تدریس میں رسائی

سوال نمبر 8: اندلس کے شہری بہبود کے نظام میں کون سا عنصر مسلسل نمایاں رہا؟

(الف) غیر شفاف محصول (ب) کرنسی گھٹانا (ج) جبری بھرتی (د) آب پاشی، صفائی اور معیاراتِ بازار

سوال نمبر 9: برصغیر میں خانقاہی نظام نے کون سا رفاہی کردار ادا کیا؟

(الف) تادیبی عدالت (ب) لنگر، پناہ اور سماجی تعاون (ج) تجارتی اجارہ داری (د) خفیہ محصول

سوال نمبر 10: بیت المال کے تحت کون سی سرگرمی رفاہِ عامہ سے براہِ راست متعلق تھی؟

(الف) نجی محل کی تزئین (ب) محتاجوں اور تعلیمی اداروں کی اعانت

(ج) شاہی جشن (د) شکار خرچ

سوال نمبر 11: اندلس کا زرعی انقلاب تعلیمی و رفاہی تسلسل میں کیوں اہم سمجھا جاتا ہے؟

(الف) صرف فوجی غلبہ (ب) آب پاشی اور نئی فصلیں (ج) محض کرنسی کم وزن (د) شاہی رسمیں

سوال نمبر 12: برصغیر میں نصابی توازن کے لیے کس جوڑی کا ذکر آتا ہے؟

(الف) صرف فقہ (ب) دینی، عقلی و سائنسی علوم (ج) محض ادب (د) فقط فنِ تعمیر

سوال نمبر13: اندلس کے علمی اثرات یورپ تک پہنچنے کی ایک نمایاں راہ کیا تھی؟

(الف) فوجی جبر (ب) شاہی کارواں (ج) شکار گاہیں (د) تراجم اور جامعاتی روایت کی منتقلی

سوال نمبر14: زوال کے سدِّباب میں گورننس آف اوقاف کی پہلی شرط کیا ہے؟

(الف) غیر شفاف عطیات (ب) وقتی چندہ (ج) غیر رسمی تحویل (د) آڈٹ اور ٹرسٹیز کی جواب دہی

سوال نمبر15: رفاہی اداروں کے پائیدار اثر کے لیے کون سا قدم ناگزیر ہے؟

(الف) وقتی شورٹ کٹس (ب) تحریری ریکارڈ نہ رکھنا (ج) شخصی پسند (د) کارکردگی کے اشاریے اور مانیٹرنگ

سوال نمبر16: برصغیر کے بازار نظم کی جدید توسیع کے طور پر کون سا قدم مفید ہے؟

(الف) غیر معیاری ترازو کی اجازت (ب) محض جرمانے (ج) کرنسی گھٹانا (د) صارف تحفظ قوانین اور انسپکشن

سوال نمبر17: اندلس کے زوال میں داخلی انشقاق کا سب سے بڑا تعلیمی نقصان کیا بنا؟

(الف) مخطوطات میں اضافہ (ب) علمی مراکز کی کمزوری اور سرپرستی میں رخنہ

(ج) طلبہ وظائف میں بہتات (د) کتب خانوں کا پھیلاؤ

سوال نمبر18: جامعات–صنعت پیوند (University–Industry Link) سے تعلیمی و رفاہی فائدہ کیا ہے؟

(الف) نصاب کمزور (ب) اوقاف ختم (ج) لائبریری بند (د) تحقیق کی اطلاقی سمت، روزگار کے امکانات

سوال نمبر19: اوقاف کے جدید ماڈل (اوقاف 2.0) کی ایک عملی صورت:

(الف) زبانی وعدے (ب) ڈیجیٹل آڈٹ اور شفاف رپورٹنگ

(ج) نجی تحویل (د) بے نام عطیہ

سوال نمبر20: برصغیر کی رفاہی روایت میں "شفاخانہ" (ہسپتال) کس زمرے میں آتا ہے؟

(الف) عسکری تربیت (ب) بہبودِ عامہ اور صحت (ج) تجارتی ٹیکس (د) شاہی ضیافت

سوال نمبر21: اندلس میں مکتباتِ قرطبہ کی وجہِ شہرت:

(الف) محصول اکٹھا کرنا (ب) وسیع مخطوطات، فہرست نویسی

(ج) عسکری تربیت (د) کرنسی ڈھالنا

سوال نمبر22: زوال کے سدِّباب میں اساتذہ کی تربیت کیوں کلیدی ہے؟

(الف) محض ڈگریاں (ب) تدریسی معیار، نصاب کی اپڈیٹ

(ج) تقریبات میں اضافہ (د) قواعد معطل

سوال نمبر23: برصغیر کے تعلیمی نیٹ ورک میں مقامی اور علاقائی وظائف کی افادیت:

(الف) طبقاتی تفریق میں اضافہ (ب) محروم طبقات کی رسائی میں بہتری

(ج) لائبریری کمی (د) تحقیق ختم

سوال نمبر24: اندلس کے شہری انتظام میں معیارِ بازار کی جدید توسیع کیا ہو سکتی ہے؟

(الف) سستے مگر غیر معیاری ترازُو (ب) فوڈ سیفٹی، لیبلنگ اور انسپکشن (ج) محض دفتری فیس (د) بلا تحقیق قیمتیں

سوال نمبر25: برصغیر و اندلس مشترک سبق کون سا ہے؟

(الف) علم دشمنی (ب) غیر شفاف عطیہ (ج) محض محصول بڑھانا (د) علم دوست سرپرستی اور مضبوط ادارہ جاتی نظم

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 | پرچہ: چوتھا | مضمون: أصول التحقیق

تاریخ: 26-01-2026 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: علم تحقیق کی علماء محققین کے ہاں کی گئی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 3: لائبریری تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: وصفی / بیانیہ تحقیق کسے کہتے ہے؟

سوال نمبر 5: نظریاتی تحقیق کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

سوال نمبر 6: وہ کون سی کتابیں ہوتی ہیں جنہیں لائبریری جاری نہیں کرتا ہے؟

سوال نمبر 7: نصی (لفظی / حرفی) اقتباس کیا کہلاتا ہے؟

سوال نمبر 8: فہرست، مصادر اور مراجع کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 9: حاشیہ کا مقصد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: کسی بھی علمی تحقیق کو مکمل کرنے کے لیے کتنے مراحل کو طے کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 11: محقق جب مقالہ، نگران مقالہ کو پیش کرتا ہے تو نگران مقالہ "مقاصد تحقیق" میں کونسی چیزوں کو چیک کرتا ہے؟

سوال نمبر 12: تفسیر ماثور اور تفسیر بالرائے کے تین تین مصادر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: چھوٹی قوس () کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

سوال نمبر 14: اسلوب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: اچھے موضوع کی کتنی شرائط ہیں؟ فقط نام لکھئے۔

سوال نمبر 16: فن ادب کے بنیادی ارکان کتنے ہیں اور ان کتابوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ادبی انسائیکلوپیڈیاز میں سے کسی تین کتابوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: نقطہ (۔) Full Stop کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 19: راویوں کے حالات پر مشتمل کتب میں سے کسی ایک کتاب کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: پھول دار قوسین کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: علمی تحقیق کے بنیادی عناصر کتنے اور کون سے ہیں مکمل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: علمی تحقیق کے بنیادی عناصر (جو کہ دس نکات ہے) پر مفصلاً نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: خاکہ تحقیق کے مکمل عناصر تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: محقق کی خصوصیات پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اقواس کتنی اور کون کون سی ہیں؟ ہر ایک کو مثال سے بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 8 | پرچہ: چوتھا | مضمون: أصول التحقیق

تاریخ: 26-01-2026 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ | دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ | دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: تھیسیز کے لیے مترادف لفظ مستعمل ہوا ہے۔

(الف) مضمون (ب) کتاب (ج) مشروع (د) منصوبہ

سوال نمبر 2: مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 10

سوال نمبر 3: جس تحقیق میں دو شخصیات یا دو ریاستوں، دو زمانوں کا موازنہ کیا جائے اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) تقابلی تحقیق (ب) وصفی تحقیق (ج) بیانیہ تحقیق (د) تقییمی تحقیق

سوال نمبر 4: جس تحقیق کو صرف ایک محقق مکمل کرتا ہے اس کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) انفرادی تحقیق (ب) اجتماعی تحقیق (ج) عمدہ تحقیق (د) نئی تحقیق

سوال نمبر 5: جس تحقیق میں کسی حالت کا تاریخی جائزہ لیا جائے کہلاتی ہے۔

(الف) تاریخی تحقیق (ب) شماریاتی تحقیق (ج) بیانیہ تحقیق (د) تینوں

سوال نمبر 6: لائبریریوں میں کتاب کی اصناف بندی کے کتنے طریقے رائج ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر 7: کوئی بھی موضوع تحقیق اس وقت تک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتا جب تک اس میں نہ ہو۔

(الف) اسلامی بات (ب) شاعری (ج) حیاتیت وواقعیت (د) انگلش

سوال نمبر 8: کسی بھی علمی تحقیق کو مکمل کرنے کے لیے کتنے مراحل طے کرنا ضروری ہے؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 3

سوال نمبر 9: محقق کی عبارت پاک ہونا۔

(الف) عمدگی سے (ب) بلاغت سے (ج) اغلاط سے (د) فہم سے

سوال نمبر 10: محقق، موضوعات میں سے کس کو منتخب کرنے سے اجتناب کرے گا؟

(الف) تخلیقی موضوعات سے (ب) معاشرتی مقبولیت والے موضوعات سے (ج) سوانح عمری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: علم میں رسوخ محقق میں پیدا کرتی ہے۔

(الف) لگن (ب) چستی (ج) عاجزی (د) لاعلمی

سوال نمبر 12: موضوع منتخب کرنے کے بعد موضوع کی حد بندی کتنے انداز میں ضروری ہے؟

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 5

سوال نمبر 13: نگران تحقیق محقق پر مسلط کرنے سے بچے۔

(الف) اصول (ب) عمدگی (ج) اپنی ذاتی رائے (د) گفتگو

سوال نمبر14: کون سی کتاب مصادر کتب میں شمار کی جاتی ہے؟

(الف)جامع الاصول للسیوطی (ب)اربعین نوویہ (ج)ادب الکاتب (د)ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر15: نگران تحقیق ماہر ہو۔

(الف)اس فن کا (ب)صرف کا (ج)کلام کا (د)مقالہ ک

سوال نمبر16: مواد کی جمع آواری میں کتنے ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں؟

(الف)10 (ب)8 (ج)9 (د)11

سوال نمبر17: عربی زبان میں انسائیکلوپیڈیاز اس نام سے تیار کئے گئے۔

(الف)موسوعہ (ب)دائرۃ المعارف (ج)دونوں سے (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: مقالے کی تسوید و تحریر، مقالہ نگاری میں کون سے مرحلہ پر آتا ہے؟

(الف)چوتھا مرحلہ (ب)تیسرا مرحلہ (ج)چھٹا مرحلہ (د)پانچواں مرحلہ

سوال نمبر19: تاریخی ورثہ ہونے کی وجہ سے قیمتی اور قابل قدر سمجھے جاتے ہیں۔

(الف)مقالات (ب)مسائل (ج)مخطوطات (د)ملفوظات

سوال نمبر20: مقالے کی کسی فصل یا موضوع کے متعلق آراء و نظریات شروع کرنے سے پہلے کیا لکھا ضروری ہوتا ہے؟

(الف)مقدمہ (ب)اسلوب (ج)فصل کا نام (د)کتاب کا نام

سوال نمبر21: نامناسب موضوعات کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف)7 (ب)3 (ج)8 (د)4

سوال نمبر22: کہ تحقیق کے عناصر میں سے ایک کا نام بتائیں۔

(الف)یونیورسٹی کا مونوگرام (ب)محقق کا نام (ج)صفحہ عنوان (د)نگران استاد کا نام

سوال نمبر23: کامیاب محقق وہ ہے جو اپنے اسلوب میں پیدا کرے۔

(الف)ابہام (ب)تفکر (ج)محنت (د)تنوع

سوال نمبر24: موضوع اور اسلوب میں ضروری شرط ہے۔

(الف)تحریر (ب)حقائق (ج)ہم آہنگی (د)خوبصورتی

سوال نمبر25: قدیم دور میں حاشیہ لکھا جاتا تھا۔

(الف)متن کے اوپر (ب)متن کے نیچے (ج)متن کے ساتھ (د)متن کے چاروں اطراف